ایک فکر انگیز خط

امریکہ کے ایک شہر میں شراب کی خرید و فروخت قانوناً جرم ہے۔

برادر عزیز کفیل بخاری صاحب! سلام مسنون عزیز طلحہ (کاشف گیلانی) کی معرفت آپ سے غائبانہ تعارف پر جس قدر فخر کروں وہ کم ہے۔

میں امریکہ میں ہوں۔ گرین کارڈ کی زندگی آٹھ نو مہینے کے بعد دو تین مہینوں کے لئے یہاں لے آتی ہے۔

یقین فرمائیے یہ گرین کارڈ جس کی دنیا آرزومند ہے میرے لئے گلے کی چھچھوندر بن گیا ہے نہ تھوکے بنتا ہے اور نہ نگلے۔ پوروں پر گن گن کے دن گزارنے پڑتے ہیں۔ یہاں کی ایک مسجد کے مولانا سے میں نے کہا کہ میرا یہاں دل بہت گھبراتا ہے۔ انھوں نے فرمایا کہ میں اچھا مسلمان ہوں اس لئے میرا جی یہاں نہیں لگتا ہے۔ واللہ اعلم؟

ویسے آپ کی اطلاع کے لئے بتاتا چلوں کہ "ٹائیلر" گلاب کے پھولوں کا ایک شہر ہے بہت وسیع و عریض شہر، جہاں بڑے بڑے فلاور گارڈن ہی نہیں بلکہ گھروں میں بھی گلاب کے پھول نظر آتے ہیں۔ بڑے بڑے رنگ برنگ کے گلاب۔ اس شہر کی ایک خوبی سن کر آپ دنگ رہ جائیں گے، یہاں شراب اور بیر دونوں چیزیں بیچنا سخت منع ہے۔ اگر کوئی بیچے تو اس کے اسٹور کا لائسنس ہی کینسل نہیں ہوگا بلکہ جیل بھی جانا پڑے گا اس شہر سے اسی میل کے فاصلے پر ایک اور شہر ہے جس کا نام Denton (ڈن ٹن) ہے وہاں ایک میل کے Radions میں دو یونیورسٹیاں ہیں۔ ایک یونیورسٹی صرف خواتین کی ہے۔ اس میں لڑکیاں پڑھتی ہیں اور صرف عورتیں پڑھاتی ہیں۔ امریکن سوسائٹی کے حوالے سے یہ تضاد فکر انگیز ہے۔

فقط

(سید حباب ترمذی)

ٹائلر، ٹیکساس امریکہ

اسلام اور مرزائیت

تالیف: حضرت مولانا عتیق الرحمٰن آروی رحمہ اللہ

ایک اہم کتاب جو ایک عرصہ سے نایاب تھی اسلام اور مرزائیت کا تقابلی مطالعہ

صفحات: ۵۶، قیمت ۲۰ روپے

بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان